صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 11 نومبر 2024ء بمطابق 08 جمادی الاوّل 1446ہجری بعد از دوپہر چار بجکر نو منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، ادریس خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ O وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ O وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ O بِيَدِكَ الْخَيْرُ O اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ O تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

(ترجمہ): کہو! خدایا، ملک کے مالک! تو جسے چاہے حکومت دے، اور جسے چاہے چھین لے، جسے چاہے عزت بخشے، اور جس کو چاہے ذلیل کردے، بھلائی تیرے اختیار میں ہے، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ رات کو دن میں پروتا ہوا لے آتا ہے اور دن کو رات میں جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے اور بے جان میں سے جاندار کو اور جسے چاہتا ہے، بے حساب رزق دیتا ہے، وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

Mr. Chairman: Questions` Hour, Question, ji Iftikhar Mashwani.

جناب افتخار علی مشوانی: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: افتخار مشوانی دا کھلاؤ کړه مائیک۔

جناب افتخار علی مشوانی: سپیکر صاحب، کوئټه کښې چې کومه دھماکه شوې ده، په هغې کښې زمونږه ډیر وروڼړه چې کوم دی هغه شهیدان شوی دی او ډیر زخمیان شوی دی، نو ما وئیل چې، ریکویسټ دے چې هغوی د پاره دعا اوشی مشترکه طور۔

جناب مسند نشین: ډاکټر صاحب! دعا اوکړئ تاسو۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب مسند نشین: کوئسچن نمبر 196، مسټر احمد کنډی، ایم پی اے، مسټر احمد کنډی، منسټر راغلے دے، سی اینډ ډبلیو منسټر؟ جی، ډاکټر صاحب۔

جناب امجد علی (معاون خصوصی ہاؤسنگ): سپیکر صاحب، کنډی صاحب نشته دے باقی جواب خو بنه په تفصیل سره ئے ورکړے، څه چې هغه غوښتی وو هغه ئے تفصیلاً جواب ورته ورکړے دے او کنډی صاحب نشته، که فرض کړه هغه۔۔۔۔

جناب مسند نشین: منسټر صاحب هم نشته کنه۔

معاون خصوصی ہاؤسنگ: ډیپارټمنټ ماته حواله کړے دے سوال، چې جواب ته ورکړه۔

جناب مسند نشین: احمد کنډی، Lapsed ډاکټر صاحب! چې کوم منسټر نه وی کنه، هغه بس دغه ته استوؤ، کمیټئ ته به تاسو Refer کوئ بیا۔

Question No. 211, Arbab Usman Khan, Arbab Muhammad Usman Khan, lapsed. Question No. 375, Mr. Jalal Khan, Mr. Jalal Khan, lapsed. Question No. 376, Mr. Jalal Khan, lapsed. Question No. 377, Mr. Abdul Ghani, lapsed. Question No. 379, Mr. Jalal Khan, lapsed. Question No. 380, Mr. Jalal Khan, lapsed. Question No. 381, Mr. Jalal Khan, lapsed. Question No. 383, Mr. Sajjad Ullah, lapsed. Question No. 398, Mr. Adnan Khan, lapsed. Question No. 399, Mr. Ahmad Kundi, lapsed. Question No. 424, Mr. Gul Ibrahim Khan, Mr. Gul Ibrahim Khan, lapsed.

اراکین کی رخصت

<u>جناب مسند نشین</u>: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کے لئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب اکرام اللہ صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب ہشام انعام اللہ خان صاحب، ایم پی اے، پانچ دن کے لئے، 11 تا 15 نومبر، جناب رشاد خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، سردار شاہ جہاں یوسف صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب علی ہادی صاحب، ایم پی اے، تین یوم، 11 تا 13 نومبر، ملک عدیل اقبال صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، مخدوم زادہ آفتاب حیدر صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب محمد سہیل آفریدی صاحب، سپیشل اسسٹنٹ، آج کے لئے، جناب محمد اقبال خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب فضل شکور خان صاحب، منسٹر، آج کے لئے، صاحبزادہ محمد عدنان قادری صاحب، منسٹر، آج کے لئے، جناب اکبر ایوب خان صاحب، آج کے لئے، جناب منیر حسین صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Chairman</u>: Leave is granted.

توجہ دلاؤ نوٹس

<u>Mr. Chairman:</u> Item No. 7, Call Attention Notice: Mr. Adnan Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 72, in the House. Mr. Adnan Khan, lapsed. Mr. Ehsanullah Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 77, in the House, lapsed شتہ بنہ بنہ Sorry, sorry. Mr. Ehsanullah Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 77, in the House.

<u>جناب احسان اللہ خان</u>: شکریہ جناب سپیکر، میں نے یہ کال اٹینشن 6 اگست 2024 کو جمع کرایا تھا اور یہ اس دن کی مناسبت سے ہے۔ میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ میرے حلقہ PK-115 کے تمام ہسپتالوں اور BHUs میں صحت کی سہولیات کا فقدان ہے، گاؤں نیو گراں خان میں سانپ کے کاٹنے پر ویکسین دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے دو بچوں کی موت واقع ہوئی ہے، حالانکہ اس سے قبل میں نے بطور ممبر صوبائی اسمبلی DG (Health) اور متعلقہ DHO کے ساتھ اس ویکسین سمیت دیگر ضروری ادویات کے سلسلے میں بار بار رابطہ کیا لیکن مجھے حقائق کے برعکس جواب ملا، جس کا ثبوت مذکورہ دلخراش واقعہ ہے۔ جناب سپیکر! میں اس کے اوپر تھوڑی بات کرنا چاہونگا۔ اب تقریباً دس بارہ سال ہونے کو ہیں تحریک انصاف کی اس صوبے میں حکومت ہے اور جو صحت

کا ڈیپارٹمنٹ ہے یہ صوبے کے Under آتا ہے، اس کے معاملات کو صوبے نے دیکھنا ہوتا ہے اور بد قسمتی سے ہم دیکھتے چلے آرہے ہیں کہ بجائے یہ کہ صحت کی سہولیات بہتر ہوتیں، وہ ابتر ہوتی جارہی ہیں۔ میں اگر اپنے حلقے کی بات کروں، PK-115 تحصیل کلاچی میں ایک ہی ہاسپیٹل ہے، تحصیل ہیڈ کوارٹر تحصیل کلاچی میں، اسی طرح سے درابن میں ہے، درازندہ میں ہے لیکن جو تحصیل کلاچی کا ہاسپیٹل ہے جناب سپیکر، وہ آپ اگر ادھر دیکھ لیں، اس میں سارے کا سارا عملہ ڈی آئی خان سے بھرتی ہوا ہے، وہ اس لئے کہ وہ ہمارے سی ایم صاحب کا ضلع ہے، وہ سو (100) کلو میٹر دور سے لوگ یہاں پہ کیسے آئیں گے ڈیوٹی کرنے؟ اور وہ جب ڈیوٹی کرنے نہیں آتے، ظاہر ہے اس کا نقصان وہاں پہ جانے والے مریضوں کو ہوتا ہے، وہاں پہ نہ تو ایکسرے مشین کام کرتی ہے، نہ وہاں پہ دوائیاں ہیں اور نہ ہی وہاں پہ ڈاکٹرز ہیں، اور اگر کوئی ایک پیناڈول کی یا کوئی گولی مل بھی جاتی ہے، وہاں پہ جو یہ چھوٹا عملہ ہوتا ہے، نرسز بھی نہیں ہوتیں، یہ چوکیدار وغیرہ بیٹھے ہوتے ہیں اور وہ لوگوں کا وہاں پہ 'چیک اپ' کر رہے ہوتے ہیں کیونکہ وہاں پہ کوئی جانے کو تیار نہیں ہے۔ ابھی بھی ان پچھلے ایک دو مہینوں میں تقریباً لوگ، ڈی آئی خان سٹی کے لوگ وہاں پہ بھرتی کئے گئے ہیں جنہوں نے آج تک ہاسپیٹل کا منہ نہیں دیکھا اور وہ وہاں سے تنخواہیں لے رہے ہیں۔ تو جناب سپیکر! اس چیز کے اوپر Kindly توجہ دیں، صحت اور تعلیم ایسے دو شعبے ہیں جن کو سیاست کی نذر نہیں کرنا چاہیئے یا اپنے سیاسی مفادات کی خاطر ان کو مطلب ہے فقدان کی طرف نہیں لے کر جانا چاہیئے۔ یہی حال ہمارے تمام BHUs کا ہے جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ چاہوں گا، یہی حال تمام ہمارے جو حلقے کے BHUs ہیں، ان کا ہے، نہ وہاں پہ عملہ جاتا ہے، آپ وہاں سے ریکارڈ طلب کر لیں، اور نہ ہی وہاں پہ کسی قسم کی دوائی موجود ہے، درابن تحصیل، چونکہ حلقے میں ساڑھے تین تحصیلیں آتی ہیں، کلاچی ہے، درابن ہے، درازندہ ہے، آپ کسی BHU کا پتہ کر لیں، کسی RHC کا پتہ کر لیں، وہاں پہ کسی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہاسپیٹل کا کر لیں، اگر کوئی ایک بھی Functional ہو تو آپ مجھے ڈیپارٹمنٹ آکر بتائیں کہ بھئی! فلاں BHU جو ہے وہ Functional ہے، وہاں پہ اس دن بھی میں نے بتایا کہ ہمارا اکثر اوقات وہاں پہ Infant mortality rate سب سے زیادہ ہوگا، شاید اس صوبے میں، وہ کیوں؟ کیونکہ جو زچہ بچہ کے کیسز ہوتے ہیں وہ جب ڈی آئی خان سٹی آتے ہیں، اتنا دور وہاں سے تو اکثر اوقات یا راستے میں Death ہو جاتی ہے، جو Serious یا پیچیدہ کیسز ہوتے ہیں زچہ بچہ کے، یا تو پھر وہاں پہ ان کو وہ اللہ کے آسرے پہ اپنے گھروں میں ہوتے ہیں، تو جناب سپیکر! دس بارہ سال ہونے کو ہیں، پی ٹی آئی کی حکومت ہے، یہاں

پہ صحت کی بہتری کے لئے آپ نے نعرے لگائے، صحت کارڈ کے اجراء کے اوپر آپ نے کہا کہ ہم نے بہت یہ اچھا اقدام اٹھایا،No doubt اچھا اقدام ہے،اس پہ چھبیس ارب روپیہ بھی آپ نے مختص کیا ہے لیکن صحت کارڈ وہ کارڈ ہے کہ آپ ہاسپیٹلز میں جاکر دیکھیں کہ سب سے زیادہ اگر دو نمبری ہو رہی ہے ہاسپیٹلز میں،تو وہ صحت کارڈ کے نام پہ ہو رہی ہے،وہ مریض جن کے نام کے اوپر پیسے کاٹے جاتے ہیں،چونکہ سادہ لوح مریض ہوتے ہیں،ان کو نہیں پتہ ہوتا کہ ہمارے اکاؤنٹ سے کتنے پیسے کاٹے جاچکے ہیں،ان کو باہر سے دوائیاں لینے کا کہا جاتا ہے۔ایک آرتھوپیڈک ایک بہت بڑا ایشو ہے،جو بھی آپریشن کرانے جاتا ہے تو اس کو کہا جاتا ہے کہ آپ دوائیاں بھی،Even کہ جو آپریشن کے آلات ہیں یا جو Rods ہیں جو ڈالتے ہیں ٹانگوں میں،یا جس کا بازو ٹوٹ جاتا ہے،وہ آپ باہر سے لے کر آئیں اور ان کے صحت کارڈ سے اس مد میں پیسے Deduct کر لیے جاتے ہیں۔میں نے اپنے متعلقہ جو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپیٹل ہے،وہاں پہ جب بات کی تو انہوں نے کہا کہ ہم Refund کرتے ہیں لیکن آج تک انہوں نے کسی بھی مریض کو اس کے پیسے Refund نہیں کئے،تو جناب سپیکر!یہ صحت کارڈ کرپشن کا ایک جو ہے ناں آسان ذریعہ بنا ہوا ہے،بہت سے ڈاکٹرز کے لئے اور ہمارے ہاسپیٹل کے عملے کے لئے،تو خدارا صحت اور تعلیم ایک ایسی چیزیں ہیں کہ جن کے بغیر ہم لوگوں کو نہیں چھوڑ سکتے،تو صحت جیسی بنیادی سہولت اگر نہیں ہو گی،اگر وہ بھی سیاست کی بھینٹ چڑھے گی تو اس کے بعد ہم لوگوں کو کیا دیں گے؟میں نے اس دن ایک واقعہ سنایا،میں ایک دن اپنے Trauma center میں گیا ڈی آئی خان کے جو کہ ہمارے سی ایم صاحب کے گھر کے بالکل سامنے واقع ہے اور اس Trauma center میں جو ایک دن کا In flow تھا،وہ تھا گیارہ سو بتیس (1132) مریض،جناب سپیکر!گیارہ سو بتیس (1132) مریض اس ایک Trauma center میں ڈی آئی خان جو بیس لاکھ سے زائد آبادی کا ضلع ہے، جس کو پانچ تحصیلوں اور یہاں وانا تک مریض آتے ہیں اس Trauma center میں،اور وہاں پہ جو دن کے Admissions تھے،کیونکہ ان میں سے کچھ سیریس مریض ہوتے ہیں، وہ تین سو انتیس (329) مریض تھے جو دن کے Admissions تھے، اور وہاں پہ Total beds کتنے ہیں؟وہ چالیس ہیں تو میں نے جب دیکھا،دو دو مریض پاؤں کی Side پہ اور دو دو سر کی Side پہ،تو میں اپنے سی ایم صاحب سے بھی ریکویسٹ کرنا چاہوں گا،یہ آپ کے گھر کے بالکل سامنے واقع ہے،یہ Trauma center جس میں صرف چالیس Beds ہیں اور وہاں پہ دن کا جو In-flow ہے، وہ گیارہ بارہ سو Patients ہیں، تو کیسے چلے گا وہ Trauma center، وہ ظاہر ہے ڈاکٹرز بھی

Exhaust ہو جاتے ہیں، وہ عملہ بھی Exhaust ہو جاتا ہے، تو خدارا صحت کی طرف توجہ دیں کیونکہ لوگ جو ہیں، یقین جانیں بے یار و مددگار بے آسرا، دوائیاں نہ ہونے کی وجہ سے، ڈاکٹرز نہ ہونے کی وجہ سے چھوٹی چھوٹی بیماریوں سے لوگ مر رہے ہیں۔ شکریہ جی۔

Mr. Chairman: Ji, Minister Sahib, Minister for Law.

(قطع کلامی)

جناب مسند نشین: ہنہ، سجاد صاحب۔

جناب محمد سجاد (وزیر زراعت): شکریہ جناب سپیکر! معزز رکن نے جو نشاندہی کی ہے، صحت سہولت پروگرام کے بارے میں اور ہمارے BHUs اور RHCs کے بارے میں، اور ہماری حکومت کی جو ہے، صحت کی طرف جو حکومت کر رہی ہے، یہ جتنی کوششیں ہو رہی ہیں، سب کو انہوں نے Negate کیا ہے، لیکن ایسی بات نہیں ہے، میں ان کو تسلی دلاتا ہوں کہ ہمارے BHU, RHCs اور اس کے علاوہ ہماری جو Peripheries میں جتنی بھی Health facilities ہیں، سب پہ کام ہو رہا ہے اور سب پہ ہنگامی بنیادوں پر کام ہو رہا ہے اور میرے خیال میں اگر یہ RHCs اور BHU's جو انہوں نے Mention کئے ہیں کہ وہاں پر کوئی Health facility نہیں ہے، اگر یہ لسٹ ہمیں Provide کر دیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہم ان کے اطمینان تک اس پہ کام بھی کریں گے اور اس کے علاوہ اگر کوئی Deficiency ہے، وہ بھی پوری کر کے دے دیں گے لیکن اسی طرح ایک General statement دینا کہ تمام RHCs, BHUs میں کام نہیں ہو رہا ہے، میرے خیال میں ناانصافی ہے۔ تو گزارش یہ ہے کہ معزز رکن ہمیں وہ لسٹ Provide کریں اور Specially ان BHU's کی، ان RHC's کی جن پر ان کو یہ خدشہ ہے کہ وہاں پر کوئی عملہ نہیں ہوتا یا کوئی سٹاف نہیں ہوتا یا میڈیسن نہیں ہوتی، ہمارے نوٹس میں ایسا کوئی BHU اور RHC نہیں ہے جہاں پر عملہ نہ ہو یا پھر وہاں پر ہم نے میڈیسن Provide نہ کی ہو یا پھر وہ ہماری توجہ اور نوٹس میں نہ ہو، تو بہر حال پھر بھی ہم تیار ہیں، اگر کوئی ہم اپنے DHOs اور ہمارا اپنا جو IMU staff ہے، ہم ان کو ایک مرتبہ پھر بتا دیتے ہیں اور تمام Health facilities میں جو بھی Peripheries میں ہیں، ان سب کی ہم IMU سے بھی رپورٹ منگوا کر ہم معزز رکن کے ساتھ Share بھی کریں گے اور بہتر یہ ہے کہ ہمارے ساتھ یہ ایک میٹنگ بھی کر لیں اور ہمیں ادھر سے مزید معلومات بھی دے دیں، جہاں جہاں پر کمی کوتاہیاں ہیں اور وہ ہم پوری کر دیں گے۔ دوسری بات جو صحت سہولت پروگرام کے بارے میں کی ہے، یہ ایک بہت اچھا پروگرام ہے اور اس کو نگران حکومت نے تھوڑا

ساچھیڑا بھی تھا، بلکہ اس کو انہوں نے بند کرنے کی کوشش کی تھی، بہت اچھا پروگرام ہے، کمی بیشیاں ہیں اور ان کو ہم Rectify کر رہے ہیں اور جس طریقے سے آپ نے Point out کیا ہے کہ وہاں پر مریضوں کا علاج نہیں ہوتا اور وہاں پر ان کے اکاؤنٹ سے پیسے کٹ جاتے ہیں، ایسے ہاسپیٹلز کی نشاندہی کی جا رہی ہے، آپ کو Recently پتہ ہوگا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں اسی بنیاد پہ کچھ ہاسپیٹلز کو De-panel بھی کیا جا چکا ہے جو کہ اسی طرح اس میں کچھ Discrepancies نوٹس کی گئی ہیں کہ ایسے مریض آئے تھے جن کی proper Treatment نہیں کی گئی تھی، تو اسی بنیاد پر بھی ان کو De-panel کر دیا گیا، بہت Strict نظام ہے، بہت Vigilant ہے صحت سہولت پروگرام کے بارے میں، حکومت بھی، اور اس کے علاوہ سٹیٹ لائف جو ان کو Run کر رہا ہے اور وہ بھی بہت زیادہ اس پہ ایک Vigilance رکھ رہا ہے تاکہ ایسی کوئی بات نہ ہو جائے کہ مریض کے اکاؤنٹ سے پیسے بھی کٹ جائیں، مریض کا علاج بھی نہ ہو اور جہاں تک Trauma center کی بات کی آپ نے، کہ وہاں پر Capacity کم ہے تو Trauma center آپ کو میں یقین دلاتا ہوں کہ ہمارے ڈیرہ اسماعیل خان میں جو دوسرے ہاسپیٹلز ہیں، چونکہ یہ Trauma center پہ بہت زیادہ بوجھ بنا ہوا ہے، یہ جو آپ جس Location کی بات کر رہے ہیں، لیکن یہ ہے کہ ہم نے اس کے بدلے دوسری جگہوں پہ، دوسرے ہاسپیٹلز، ڈی ایچ کیو ہاسپیٹل ہے، زنانہ ہاسپیٹل ہے اور اس کے علاوہ جو دوسرا ٹیچنگ ہاسپیٹل ہے، اس پہ ہم نے بہت زیادہ Capacity بڑھا دی ہے، وہ اسی وجہ سے بڑھا دی ہے تاکہ اس پہ بوجھ کم ہو جائے اور یہاں پر Space کا بھی مسئلہ ہے، ہم کہتے ہیں کہ زیادہ لوگ اس طرف Divert ہو جائیں، تو اس جگہ پہ اور جہاں پر اس Capacity کی بات کر رہے ہیں، اس پہ میں منسٹر صاحب کو بتا دوں گا، ہیلتھ منسٹر صاحب کو اور ہم دیکھ لیتے ہیں، اگر اس میں کوئی گنجائش ہوئی تو اس کے لئے بھی ہم پھر سے نئی وہ بنا کر، Proposal بنا کر اس کو Consider کر لیں گے کہ اس پہ ہم کیا کیا کر سکتے ہیں اور ہم معززرکن کے ساتھ اس کو Share بھی کریں گے اور جہاں تک ڈاکٹرز کا تعلق ہے، ڈاکٹرز تو ابھی ایک نیا پراجیکٹ Introduce کرا رہے ہیں کہ جہاں پر Contingency میں Locally اگر ہم ڈاکٹرز Recruit کر سکتے ہوں تو پھر ان شاء اللہ وہ بھی ہم کریں گے اور وہ Proposal بھی معززارکان کے ساتھ ہم Share کر لیں گے کہ جس جس علاقے میں ڈاکٹرز Available ہیں، Specially consultants available ہیں تو ان Consultants کو اپنے ہی علاقوں میں ہم Recruit کر کے یا ان کو ایڈہاک پہ لے کر اور ہاسپیٹلز کو ان سے Function کرالیں۔

جناب مسند نشین: ایم پی اے صاحب، انہوں نے Assurance دی ہے، آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، ان کے ساتھ، تقریر نہ کریں، جی جی، چلو۔

جناب احسان اللہ خان: شکریہ جناب سپیکر! میں میجر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے تفصیلاً بیان کیا، ہم حکومت کی ہر اچھی کاوش کو سراہیں گے ان شاء اللہ اور سراہتے ہیں، صحت کارڈ No doubt ایک بہت اچھا پراجیکٹ ہے غریبوں کے لئے، لیکن ہم اس میں جو Mis-management ہے، میں نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جو اس میں کوتاہیاں ہو رہی ہیں، وہ یقیناً، مطلب ہے آپ کی طرف سے غالباً نہیں ہوں گی، وہ جو ادھر ڈاکٹرز ہیں یا جو ادھر عملہ ہے یا جو بورڈ ہے، MTI ہے، ان کی طرف سے جو غفلت برتی جا رہی ہے، میں نے اس کی طرف نشاندہی کی ہے اور میں نے اسی کی جانب آپ سے ریکویسٹ کی ہے کہ اس کو آپ بہتر کریں، اس کی Management کو۔ اور دوسرا، جو دوائیوں کی بات کی، جس کے لئے توجہ دلاؤ نوٹس تھا جناب سپیکر، یہ ویکسین نہ ہونے کی وجہ سے اس دن دو بچے وفات پا گئے تھے، سانپ کے کاٹنے کی جو ویکسین ہے، اور مجھے اس سے پہلے بتایا گیا تھا، دو دن پہلے (DG (Health کی جانب سے بھی اور ہمارے DHO Sahib کی جانب سے کہ ہمارے پاس وہاں پر پندرہ Vials پڑی ہیں درابن ہاسپیٹل میں، لیکن بد قسمتی سے جب یہ واقعہ پیش ہو گیا تو اس کے بعد مجھے کہا گیا کہ ہاں Vials تو موجود تھیں لیکن ہمارے پاس وہ Testing facility نہیں ہے کہ ہم پہلے ٹیسٹ کریں کہ آیا اس کو ویکسین کی ضرورت ہے یا نہیں ہے؟

جناب مسند نشین: آپ بس بیٹھ جائیں، منسٹر کے ساتھ بیٹھ جائیں تو Problem solve ہو جائے گا۔

جناب احسان اللہ خان: جی، تو میری یہی ریکویسٹ ہو گی کہ اس کی طرف توجہ دیں، یہ وہاں پر صرف اور صرف Mis-management کی وجہ ہے، حالانکہ وہاں پر فنڈز بھی دیئے جا رہے ہیں ہیلتھ کو، جو ڈاکٹرز ہیں یا جو Mis-management ہے۔ ان کی طرف سے Mis-management کی وجہ سے یہ سارے ہیلتھ کے ایشوز Create ہوتے ہیں اور خصوصاً وہاں پر جو میڈیسن کی Procurement ہوتی ہے، اگر آپ اس کو چیک کریں، حالانکہ وہاں پر فنڈز ایشو ہوتے ہیں حکومت کی طرف سے میڈیسن کے لئے، لیکن وہاں پر جو چونکہ صحیح طریقے سے Procure نہیں کی جاتی، تو میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ اس کے اوپر Check and balance رکھیں اور اس کی Mis-management کو بہتر کریں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you, thank you. Call attention number, call attention, Mr. Adnan Khan, MPA, to please move his call attention No. 72, in the House.

جناب عدنان خان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ چیرمین صاحب، ما دا کال اټینشن یو دوه پیرې جمع کړو او ډیره مهربانی تاسو ماله موقع هم راکړه خو زمونږه جی غرض دا وی چې مونږه دغه کوم مسائل دی چې هغه په Floor of the House باندې راولو او هغه Redressal د پاره، مونږه په چا باندې تنقید نه کوؤ، زمونږه غرض دا نه دے چې مونږ د چا دل آزاری اوکړو جی۔ په دې کال اټینشن کښې ما دا تپوس کړے وو Regarding CTD department، دا جی په دېکښې تاسو که پړهاؤ کړئ دا، چې زه اوس پړهاومه، په دېکښې د ADs او د Staff Analyst د دوئ د ټریننګ خبره شوې وه او بل په دېکښې د Appointment خبره شوې وه، نو ما سره جی مکمل ریکارډ پروت دے، ما په CTD باندې ډیر کار کړے دے، په دې ډیپارټمنټ باندې، ما ریکارډ هم راوړے دے د ځان سره۔ په دېکښې جی داسې شوې ده CTD department د پولیس Under جوړ شوے دے، هغې کښې جی بار بار په نیشنل اسمبلئ کښې په دې باندې ډیبیټ شوے وو او پرائم منسټر صاحب چې کوم Central Apex Committee ده، په هغې کښې په دې باندې Decision واغستے شو چې دا څومره هم دا Counter Terrorism Departments دی چې دغه که په KP کښې دی، که په بلوچستان کښې دی، که په سندھ کښې دی، چې دا به مونږه د پنجاب په طرز باندې فعالوؤ، د هغې په طرز باندې به دا Update کوؤ، نو په دې باندې دا دوه درې کاله اووتل خو هیڅ عمل نه کیږی۔ دلته کښې جی مونږه خبره چې کوؤ، دا د دې پارلیمان خبره به کوؤ او دلته کښې زما دا ورونړه، ګورنمنټ کښې چې کوم کیبنټ دے، د هغوی د عزت خبره به جی کومه ځکه چې په تیر ګورنمنټ کښې په دې باندې باقاعده فنانس نه د پوسټونو Creation شوے دے، چار سو پچاس (450) پوسټونه جی Create شول د Merged areas د پاره، او سات سو پچاس (750) جی باقاعده ما سره لیټرې پرتې دی، کیبینټ Decision جی اوشو فنانس ډیپارټمنټ Creation اوکړو د هغې پوسټونو والا، بیا جی راشئی په هغې باندې نور Decisions چې زه درته

بیانومه، په هغې باندې ډیره ټائم لګی، بیا په هغې باندې اشتهار اولګیدلو جی، د اشتهار کاپی جی ما سره پرته ده، دا اشتهار جی لګیدلے دے په 13 مئی ،نه Sorry, 13 May to 8 June, 2023 د 13 مئی نه تر 8 جون پورې د ETEA په Through باندې د چار سو پچاس (450) پوسټونو والا چې کوم د Merged areas سره تعلق ساتی، هغې والا اشتهار اولګیدو، په هغې باندې جی د قبائلو خلقو دوه کروړه روپئی فیسونه جمع کړل، په هغې باندې Test conduct شو، ټول Proper procedure adopt شو، ټیسټ ورباندې اوشو، د هغې ریزلټ رااوتلو خو انټرویو ورباندې Conduct نه شوه، د ډیپارټمنټ طرف نه جی دا خبره کیږی چې Nomenclature مسئله ده، دا جی ډیر غټ Fault دے چې Nomenclature مسئله ده، نو دا ډیپارټمنټ اوده پروت وو، تر نن تاریخه پورې دا د 2023 خبره جی زه کومه دا قبائل دا د پوسټونو نه هغه شو، پوسټونه شو ورته ملاؤ، د دوئ پیسې ضائع شوې او دوئ Overage شول، دوئ Overage کیږی دا Students، بیا جی 750 پوسټونه د فنانس نه Create شوی دی او دلته کښې د هغې اشتهار دوئ نه لګوی، نو Nomenclature مسئله خو که تاسره راغلې ده، نو تاته دوه درې کاله پس دغه راغی نو زه به دا اووائیمه چې ماته د حکومت د طرف نه، د دوئ نه د CTD department نه تپوس اوشی چې Nomenclature کښې فرق تاته راغلے دے، په هغې باندې تا تراوسه پورې څومره کار کړے دے، تر نن تاریخه پورې تا په هغې باندې څومره کار کړے دے؟ ګوره جی زما ماشومان یو طرف ته بې روزګاری ده، بل طرف ته مونږه د جنګ په حالت کښې یو، دهشت ګردی ده، یو طرف ته جی مونږه دې مسئلې سره مخامخ یو، په دې باندې جی څوک عمل نه کوی، دا Fault جی دا ستاسو د ګورنمنټ زه نه وایمه چې دا د ګورنمنټ Fault دے، زما د کیبنټ د Approval دا توهین کیږی روان دے جی، دا کیبنټ جی Approval ورکړے دے، باقاعده فنانس ډیپارټمنټ Creation کړے دے او عمل نه کوی۔ بیا جی زه راشمه زمونږه جی د بنوں "امن پاسون" اوشو، هغې کښې Apex committee ته مونږه جی راغلو، زه په هغې کښې موجود وومه، زمونږه د وزیر اعلیٰ صاحب په سربراهئ کښې مونږه سره دا Commitment اوشو چې بالکل CTD به مونږه فعال کوؤ،

مونږه جی دا وایو چې اوس زما په علاقه کښې زمونږه هرې علاقې سره د خپل کلی وطن خلق اشنا وی، د بل علاقې والا خلق هغوی سره اشنا نه وی، نو مونږه جی دا کال اټینشن مې ځکه راوړے دے چې په دې باندې جی دوئ عمل نه کوی، زه به ګورنمنټ ته هم دا ریکویسټ اوکړمه، ستاسو د Chair نه جی دا ریکویسټ کومه چې لږ په دې باندې Proper scrutiny اوشی، دا که تاسو کمیټئ ته Refer کړئ خو په دې باندې زه د ګورنمنټ ساته ورکومه ځکه چې دا د کیبینټApproval والا Creation شوے دے او په دې باندې جی عمل نه کیږی نو ځکه زمونږه نن په دې صوبه کښې حالات ورځ په ورځ خرابیږی، دا زمونږه په دې خبرو، په دې فیصلو باندې چې زمونږه کیبنټ فیصلې اوکړی او په هغې باندې دوئ عمل نه کوی نو دا ولې نه کوی؟ پکار دا ده چې مونږه په دې باندې ښه غور و بچار اوکړو او دې ته کښینو چې څوک په دېکښې ملوث دی او چا په دې باندې عمل نه دے کړے، چې د هغوی خلاف څه Action جی واخلو، ستاسو Chair ته مې جی دا ریکویسټ دے او منسټر صاحب نه مې دا ریکویسټ دے چې دېکښې جی مونږه ته دا خبرې رامخامخ دی۔ مهربانی جی۔

Mr. Chairman: Ji, Minister for Law.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! بالکل یہ جو CTD میں Posts creation ہوئی تھی، Initial اس کی Sanction بھی ہوئی تھی، فنانس سے 2020 میں اور ETEA کی Advertisement سارا کچھ بالکل As it is، جس طرح ہمارے عدنان صاحب نے فرمایا، لیکن اس کے بعد ان بھرتیوں کو روک دیا گیا۔ وجہ یہ تھی کہ جو Nomenclature انہوں نے دیا تھا، ان پوسٹوں کو Field Operator اور Junior Field Operator اور اس کے ساتھ ساتھ Senior Field Operator، تو جناب سپیکر! اس میں اس طرح ہے کہ انہوں نے تو Initially اسی کا سہارا لیا کہ اس میں Nomenclature غلط ہے اور یہ تھا بھی اسی طرح، کیونکہ Police Rules, 1934 اور Police Act, 2017 جو ہے، اس میں جو Section-7 ہے وہ بڑا Clear ہے، اس میں اس طرح کا Nomenclature کہیں بھی نہیں ہے، تو ایک تو جو پولیس کی طرف سے لیٹر لکھا گیا تھا، اس میں یہ بڑا Clear ہے کہ اس کا Nomenclature بھی Change کردیں اور ساتھ ساتھ یہ سفارشات بھی کی گئی تھیں، کیونکہ Initial appointment جو

ہے، اس طرح Nature of duty جس طرح پولیس کا ہوتا ہے جو کہ Prevention or detention of crime ہوتا ہے یا خاص طور پر جو CTD کا جو Terrorism کو Fight کرتا ہے اور Counter کرتا ہے تو اس پر اعتراضات اٹھائے گئے تھے کہ اس میں Initial appointment کی بجائے جو ہمارے ساتھ Experienced officers ہوتے ہیں، ان کی By deputation یہاں پر Appointment کی جائے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا، لیکن میں عدنان صاحب کی بات Second کرونگا کہ یہ لیٹر جو ہے وہ بھی کافی ٹائم اس کے اوپر ہوا ہے، لیکن ابھی تک اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا، 2023 کا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اب تک اگر اس کی Initial appointment بھی ہو چکی ہوتی تو ان کا خاطر خواہ، ان کی ٹریننگ ہو چکی ہوتی، تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، اگر اس کو آپ کمیٹی Refer کرتے ہیں اور اس پر ادھر Due deliberation کے ساتھ کوئی فیصلہ ہو جاتا ہے تو کوئی اعتراض نہیں ہے جی۔

جناب مسند نشین: عدنان خان، اوس پرې څه ته نورې خبرې کوې، کمیټۍ کښې به پرې اوکړې بنه ډیرې خبرې، اؤ کمیټئی ته ئے استوؤ کنه، د Yes آواز به تیز کوئ۔ اوس،

The motion before the House is that the call attention No. 72, by the honorable Member, may be referred to the Standing Committee concerned? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The ‘Ayes’ have it. The call attention notice is referred to the Standing Committee. Item No. 08: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Overseas Pakistanis Commission Bill, 2024, in the House.

څه اودریږه دا پیش کړی۔

نکتہ اعتراض

جناب احمد کنڈی: یہ چیزیں جو ہو رہی ہیں، تو گزارش یہ ہے سپیکر صاحب، ہمارا یہ ہاؤس جو ہے یہ Constitution کے مطابق چلتا ہے Constitution is the supreme law، ابھی صوبائی حکومت کی Strength میں اضافہ ہوا ہے، انہوں نے مزمل اسلم صاحب کا Notification کیا ہے As a Minister، کیبنٹ کی جو Strength ہے، جو میرے پاس یہاں پہ Detail ہے، وہ Seventeen بنتی ہے، یہ بڑا اہم ایشو ہے، سپیکر صاحب، یہ مذاق نہیں ہے یا کوئی یہاں پہ کوئی مغلیہ بادشاہ کا دور نہیں ہے

کہ بس ایسے ہو جائیں گے سب کچھ، Under Article 130, clause (6), the total strength of the cabinet shall not exceed fifteen، اگر آپ نکال لیں تو بڑا آسان ہو جائے گا آپ کے لئے بھی، میرے لئے بھی، ان سب کے لئے بھی، سر۔ وہ کہتے ہیں The total strength of the cabinet shall not exceed fifteen members or eleven percent of the Provincial Assembly whichever is higher، یہ تمام صوبائی اسمبلیوں کے لئے لاگو ہے، Including Khyber Pakhtunkhwa آپ کا، Fifteen تو Fix ہے، یہ Minimum bench mark ہے، انہوں نے کہا ہے Eleven percent of the Provincial Assembly اگر آپ نکالیں، ایک سو پینتالیس (145) کا ہاؤس ہے، میری Mathematics کے مطابق وہ سولہ بنتے ہیں، They are seventeen آپ مجھے بتائیں، ان میں سے ایک منسٹر غیر قانونی، غیر آئینی ہے، میں یہ گستاخی نہیں کرتا کہ آفتاب صاحب غیر قانونی ہے یا ارشد ایوب صاحب غیر قانونی ہے، یہ انہوں نے خود نے فیصلہ کرنا ہے لیکن یہ مغلیہ دور نہیں ہے، شاہی آرڈر کے Through اسمبلیاں نہیں چلیں گی، AG ایڈوکیٹ جنرل کو بلائیں، ایک منسٹر کا استعفیٰ لے کر آئیں اور پھر ہاؤس کو چلائیں Otherwise these all proceedings are unconstitutional, illegal مطلب ہے یہ کوئی مذاق تو نہیں ہے، سپیکر صاحب! ایک صوبائی حکومت میں تو بار بار کہہ رہا ہوں یہ ستو پی کر سوئے ہوئے ہیں، ان کو اتنا احساس نہیں ہے کہ آئین میں ایک چیز دی گئی ہے، اس کے اوپر کس طریقے سے عمل درآمد ہوتا ہے اور اگر ان کا یہ خیال ہے کہ جو ہم یہاں پہ سوئے ہوئے ہونگے اور ان چیزوں کے اوپر ہماری نظر نہیں ہو گی تو یہ ان کی غلط فہمی ہے اور کال اٹینشن بھی میں نے جمع کیا ہے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی کنڈی صاحب! وایہ کنہ۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: سر، میری گزارش Simple ہے، دیکھیں آپ Chair پہ بیٹھے ہوئے ہیں، آپ مجھے بتائیں کہ Constitution میں کوئی ابہام ہے Fifteen is the minimum score and eleven percent of the Provincial Assembly is the higher bench mark for the total strength of the cabinet، ان کی کیبنٹ سترہ رکنی ہے، سولہ تک یہ کر سکتے ہیں جو Constitution اجازت دیتا ہے، یہ ہاؤس یا یہ صوبہ آپ کی اور میری خواہش پہ نہیں چلے گا، یہ اس Green book کے مطابق چلے گا سپیکر صاحب، آپ کی ذمہ داری ہے، آپ اس ہاؤس کے

Custodian ہیں،Ruling دیں، سترہ رکنی کابینہ قابل قبول نہیں، سولہ رکنی قانون اور آئین کے مطابق ہے، وہ یہ کریں، اگر یہ فنانس ایڈوائزر کو وزیر بنانا چاہتے ہیں، اچھی بات ہے کیونکہ NFC میں یہ تو میں پہلے دن سے کہہ رہا تھا، NFC میں آپ کا ایڈوائزر کوئی نہیں چھوڑے گا، خیبر پختونخوا کو نقصان ہو گا، آپ کے فنانس کا جو ایڈوائزر ہے، اس کو آپ نے وزیر بنادیا ہے That's good thing، NFC میں بیٹھے گا، CCI میں بیٹھے گا، Otherwise تو اس کو اسلام آباد میں کوئی نہیں میٹنگ میں بیٹھنے دے گا، لیکن آپ اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں، یہ اس طرح غیر آئینی، غیر قانونی باتیں ہم آپ کے ساتھ Accept نہیں کریں گے اور اس Strength کو آپ باقاعدہ Ruling دیں جو یہ ہاؤس روکے، کیونکہ جو بھی ہم کام کر رہے ہیں یہ غیر آئینی ہے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Ji, Minister Sahib, ji Minister Sahib, please respond, Minister for law.

وزیر قانون: جناب سپیکر! اس کے اوپر AG Sahib سے بھی مشورہ لیتے ہیں، بالکل انہوں نے فرمایا ہے ان کے Notification کے مطابق ہم Seventeen بنتے ہیں اور ان کی وہ بات بھی بجا ہے کہ Article 130, sub-clause (5) جو ہے-----

جناب مسند نشین: Six ہے۔

وزیر قانون: وہ بڑا Clear ہے Of the Constitution of the Pakistan کہ Eleven percent of the total strength of the Assembly or fifteen percent, whichever is higher تو اس کے اوپر مشاورت کرتے ہیں، ان کے نوٹس میں یہ بات لاتے ہیں، ان شاء اللہ اس کو Resolve کیا جائے گا اور آئین کے مطابق کیا جائے گا۔

جناب مسند نشین: جی جی، منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: اس کی تفصیل دیکھتے ہیں جی، اگر فرض کیا اس میں ان کا Notification اور Status کے مطابق پھر اس پہ کوئی فیصلہ لائیں گے جی۔

جناب مسند نشین: اچھا جی، جی عثمان خان۔

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب، کنڈی صاحب نے بہت اہم ایک نکتہ اٹھایا ہے اور اس میں، چونکہ وزیر صاحب نے خود یہ کہا ہے کہ اس میں ہم Follow up اور Investigation کریں گے، اس وقت تک جب نہیں ہوتا ہے تو یہ Constitution کے مطابق کوئی بھی آرڈر یا Directive پاس نہیں کر

سکتے ہیں، تو یہ Approval آپ لیں، اس ٹائم تک جو بھی ہو گا وہ Constitutional ہو گا، تب تک جب تک یہ Clarification نہیں آتی ہے ہاؤس کو یہ ریکویسٹ ہے کہ آپ اس پر یہ روکیں یا پھر اس Strength کو واپس Fifteen پر لے جائیں۔

جناب مسند نشین: اس کا، اس کا ذرا مجھے یہ بتادیں کہ ہاؤس پہ کوئی فرق پڑتا ہے۔

ارباب محمد عثمان خان: ہاؤس پہ نہیں Cabinet decision پہ فرق پڑتا ہے۔

جناب مسند نشین: کیبینٹ پہ پڑتا ہے ناں۔

ارباب محمد عثمان خان: Cabinet decision پہ۔

جناب مسند نشین: یہاں پہ تو کوئی۔

Arbab Muhammad Usman Khan: House makes the Constitution and directives for that…..

جناب مسند نشین: اب جی، لاء منسٹر۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، دیکھیں جب تک Ministerial post کا حلف نہیں اٹھایا جاتا، میرے خیال میں وہ Incomplete رہتا ہے تو جس طرح Constitution یا Unconstitutionality کی بات کی گئی تو میرے خیال میں میرے فاضل دوستوں سے یہی ریکویسٹ ہو گی کہ اس ملک میں باقی بھی کافی Unconstitutional کام ہوئے ہیں، تو کیا آپ لوگوں نے کہیں پہ آواز بلند کی ہے؟ (تالیاں) اس ملک میں نوے (90) دن میں الیکشنز ہونے تھے، وہ تیرہ مہینے کے بعد جا کر ہوئے ہیں، تو کبھی تو آپ کے منہ سے وہ نہیں سنا کہ وہ Unconstitutional ہوا ہے، کبھی آپ کے منہ سے وہ نہیں سنا کہ مطلب اس ملک میں فارم سینتالیس کے اوپر حکومتیں بنائی گئیں، اس کو Condemn تک کیا گیا؟ بہت شکریہ جی۔

جناب مسند نشین: جی کنڈی صاحب، کنڈی صاحب کو، کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری گزارش یہ ہے، آپ کا بڑا بہترین سوال تھا کہ اسمبلی دیکھیں ہمیں کون جوابدہ ہے Provincial cabinet is answerable to this House دیکھیں ابھی کیبینٹ کی جو اپنی Identity ہے وہ Question mark ہے، اب مجھے پتہ نہیں ہے کہ آفتاب صاحب Resign کریں گے، ارشد ایوب صاحب کریں گے، کیونکہ Resign تو ہے سر، دیکھیں آپ خود سمجھتے ہیں، آپ Law knowing person ہیں، آپ کے نیچے سٹاف بیٹھا ہوا ہے، بلکہ میں نے تو آپ کو کہا ہے AG Sahib کو آپ بلائیں، آپ ایک قدم آگے نہیں جا سکتے، جب تک آپ کے پاس ایک بندے

کا استعفیٰ نہیں آئے گا یہ کیا انکوائری کریں گے، کیا Investigation کریں گے؟ ان کو اتنا پتہ نہیں ہے، یہ ان کی Website ہے، اس کے اوپر Seventeen لوگ آچکے ہیں، یہ کوئی مذاق تو نہیں ہے، اگر کل کسی نے غلط استعمال کیا ہے آئین کا، تو اس کے لئے کیا آپ جواز بنا رہے ہیں کہ آپ بھی غلط کام کریں گے؟ ہم تو یہ نہیں کرنے دیں گے، کم از کم آفتاب صاحب سے ہمیں یہ توقع نہیں ہے، یہ خود Lawyer ہیں، اس طرح کی بات ان کو زیب نہیں دیتی، اگر کل کسی نے غیر آئینی کام کیا ہے تو وہ اس کے لئے جواز نہیں ہے کہ آج کوئی غیر آئینی کام کرے گا، یہ ہاؤس کی Proceedings کے اوپر Question mark ہے کیونکہ ایک منسٹر جو ہے وہ Unconstitutional ہے اور وہ کون ہے؟ اس کا ابھی تک پتہ نہیں ہے۔ شکریہ۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی تاج محمد صاحب، تاج محمد خان، مائیک On کر دیں، جی۔

<u>جناب تاج محمد</u>: شکریہ، چیئر مین صاحب۔ کنڈی صاحب نے ایک اہم پوائنٹ اٹھایا ہے لیکن چیئر مین صاحب! جب تک کوئی منسٹر Oath نہیں اٹھاتا اس وقت تک وہ منسٹر نہیں ہوتا، صرف Notification سے وہ منسٹر نہیں بن جاتا، تو ابھی جو Notification ہوا ہے ہمارے ایڈوائزر صاحب کا، اس نے تو Oath اٹھایا ہی نہیں ہے، اگر وہ Oath اٹھاتے تو پھر یہ مسئلہ بن جاتا، تو اس سے پہلے پہلے، Oath اٹھانے سے پہلے پہلے حکومت اس بارے میں کوئی فیصلہ کرے گی ان شاء اللہ۔

<u>Mr. Chairman</u>: Ji, Minister for Law.

<u>وزیر قانون</u>: نہیں سپیکر صاحب، جس طرح کنڈی صاحب نے فرمایا، بالکل ہم کسی بھی غیر آئینی کام کو نہ Second کرتے ہیں نہ Support کرتے ہیں، اور ہماری پارٹی کا یہی Slogan ہے اور ہمارا منشور بڑا Clear ہے اس حوالے سے، لیکن اس کے صرف نوٹس میں لانا تھا کہ اس ملک میں کافی چیزیں جو ہیں وہ Un-constitutional ہوئی ہیں لیکن بد قسمتی سے آپ کے منہ سے ہم نے Even اس کی Condemnation بھی نہیں سنی۔ جہاں تک تعلق ہے Ministerial status کا تو جناب سپیکر، میں نے آپ کو بڑا واضح کیا کہ ان کو Status ضرور دیا گیا، Notification کا ایشو ہے، وہ ہم مانتے ہیں لیکن اس کے Status کو چیک کرنا پڑے گا تاکہ آیا اس کو صرف Status کی حد تک Ministerial status دیا گیا ہے یا مطلب یہ ایک قانونی نکتہ ہے، اس کی تھوڑی سی Clarity ہم دیکھیں گے، اس کے بعد ہی کوئی ان کو Respond کر سکیں گے۔ اور جہاں تک تعلق ہے اسمبلی کے بزنس کو آگے چلانے کیلئے، تو میرے خیال میں اس کے اوپر، اسمبلی کے اوپر تو کوئی اس کا Impact نہیں آنے والا، نہ آ رہا ہے، تو انہوں نے اسمبلی کے بزنس کے حوالے سے سوال اٹھایا ہے کہ مطلب ہم نہیں چلا سکتے بزنس، تو میرے خیال میں

اس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، ہاں تعلق اس کا کیبنٹ کے ساتھ ضرور ہے لیکن اس کو ہم چیک کریں گے، ان کو صرف Status دیا گیا ہے۔

جناب مسند نشین: Notification ہے؟

وزیر قانون: نہ کہ ان کو منسٹر بنایا گیا، منسٹر تب بنتا ہے جب اپنے آفس کا وہ Oath لیتا ہے جی۔

جناب مسند نشین: Notification آپ لوگوں کے پاس ہے؟

وزیر قانون: ابھی تو یہاں پہ موجود نہیں ہوگا لیکن۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی مشتاق غنی صاحب، مشتاق غنی صاحب کا مائیک On کریں۔

جناب مشتاق احمد غنی: تھینک یو، مسٹر چیئرمین۔ پہلے تو کنڈی صاحب کو میں مبارک باد دیتا ہوں، آج بڑے اچھے Well dressed ہو کر آئے ہوئے ہیں، He is looking very smart اور I hope کہ He will continue جو بات انہوں نے کی، اس سے ہم تھوڑا سا اختلاف کرتے ہیں، تھوڑا سا نہیں بہت سارا، منسٹرز جو ہوتے ہیں وہ جو Oath لیتے ہیں، وہ منسٹر ہوتے ہیں اور Status equivalent to Minister سی ایم کسی کو بھی دے سکتا ہے یا پرائم منسٹر کسی کو بھی دے سکتا ہے، جیسے وہاں وزیر مملکت کا Status equivalent to the Federal Minister, same is the case here. If someone is Advisor or someone is the Special Assistant جب ان کو ڈیپارٹمنٹ مل جاتا ہے تو Status equivalent to the Provincial Minister یہ سی ایم صاحب کا Prerogative ہے، وہ دے سکتے ہیں، اس میں کوئی Legal lacuna نہیں ہے، صرف آپ اس کو وزیر نہیں کہہ سکتے Because کہ وہ Oath نہیں ہوتا، Oath وزیر کیلئے Must ہے لیکن ایڈوائزر کیلئے یا سپیشل اسسٹنٹ کیلئے Oath must نہیں ہے، ڈیپارٹمنٹ جب مل گیا، اگر سی ایم چاہتے ہیں کہ بھئی! ان کا Status equivalent to صوبائی وزیر ہو تو وہ دیا جا سکتا ہے۔ تھینک یو سر۔

جناب مسند نشین: کنڈی صاحب! وہ Notification آیا ہے کہ جی آپ کہیں۔

جناب احمد کنڈی: سر، پہلے تاج صاحب نے بات کی اور پھر مشتاق غنی صاحب نے بات کی، آفتاب صاحب نے بات کی، میں آپ کو صرف دو چیزیں، اگر آپ Constitution کے آرٹیکل نکال دیں تو Clarity ہو جائے گی، یہ بڑا منفرد کیس ہے۔ سر، اصل میں الیکٹڈ بندہ اگر نہ ہو تو وہ منسٹر صرف چھ مہینے کیلئے بن سکتا ہے اور ان کا Notification میں، اگر آپ دیکھیں، مزمل اسلم کا جو ہوا ہے، وہ Under Article 130 clause (9) کے نیچے ہوا ہے، Article 130 clause (9) کہتا ہے کہ اگر آپ

اس کو پڑھ لیں توUn-electedبندہ وہ چھ مہینے کیلئے چیف منسٹر یاوہ اس کو کر سکتا ہے، طریقہ کار کیا ہوتا ہے اس کیلئے؟ سپیکر صاحب! اس کیلئے طریقہ یہ ہوتا ہے، یہ سمری جاتی ہے گورنر کے پاس، وہOath لیتے پھر یہ Notificationہوتا، انہوں نے کیا کیا؟ انہوں نے پہلے نماز پڑھی ہے، بعد میں وضو کر رہے ہیں، مطلب جو بھی کام یہ کرتے ہیں، ہمیشہ اللہ کے فضل سے وہ الٹا ہوتا ہے اور جو تاج صاحب نے بات کی ہے، For just information، اگر وہArticle 132 کی(2) Clause پڑھ لیں، وہ پراونشل منسٹر کا باقاعدہ، جب آپBefore entering upon the officeکی بات کرتے ہیں، آپ کوOathکی ضرورت پڑتی ہے، ہم تو یہ کہتے ہیں، چیف منسٹر صاحب نے جو Notification کیا ہے، یہ بھی Unconstitutional ہے، اس کو آپ واپس لیں، یہ پہلے Oath لیں گے پھر اس کے بعد Notificationہوگا، یہillegal Notificationہے اورUn-constitutionalہے اور باقاعدہ اگر آپ ابھی خیبر پختونخوا کیWebsite پہ آئیں ناں آفتاب صاحب، تو ابھی چیک کریں گے، آپ خیبر پختونخوا کیWebsite کھولیں، اس میںSeventeenمنسٹر آچکے ہیں، براجمان ہیں باقاعدہ، اور ان کے جوNotificationsہیں، اس میں وہ بھی آچکے ہیں،(9) Article 130 clause۔

<u>جناب مسند نشین</u>: کنڈی صاحب! آپ اگر یہ Notification ذرا پڑھ لیں، چھ ماہ ان کا Notificationنوٹی فکیشن ہوا ہے۔

"Even No. Dated 06th March, 2024.

In exercise of the powers conferred under clause 9 of Article 130 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, the Chief Minister, Khyber Pakhtunkhawa is pleased to grant the status of Provincial Minister to Mr. Muzammil Aslam, Advisor to Chief Minister on Finance with immediate effect."

<u>جناب احمد کنڈی</u>: بالکل۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ان کوStatusدیا ہے۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: سر! میری گزارش سنیں، یہ ان کا جو شاہی فرمان ہے ناں، آپ Article 130 clause (9)کو پڑھیں Constitutionکا جوReferenceدیا گیا ہے، Constitution is the supreme۔

<u>جناب مسند نشین</u>: آپ اس کے ساتھ Article 130 کے ساتھ 132 ذرا آپ پڑھ لیں۔

جناب احمد کنڈی: Status نہیں دیا گیا He is the Provincial، سر، پہلے جس کے نیچے اس کا Notification ہوا ہے وہ پڑھ لیں (9) 130 کو (9) Article 130 clause کو آپ پڑھ لیں، وہ کہتے ہیں "A Minister" لفظ Use کرتا ہے، Status کی بات نہیں کرتا "Minister"، یہ Constitution کہتا ہے:

"A Minister who for any period of six consecutive months is not a member of the Provincial Assembly shall, at the expiration of that period, cease to be a Minister and shall not before the dissolution of that Assembly be again appointed a Minister unless he is elected a member of that Assembly".

